# میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلہ کیلئے ایڈمشن گائیڈ

emag education magazine
www.emag.com.pk

## سپیشل ایڈیشن

**میڈیکل / ڈینٹل کالجز میں داخلہ سے پہلے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔**

میڈیکل / ڈینٹل کالجز میں داخلہ سے پہلے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

1۔ کالج PMDC سے منظور شدہ ہے۔
2۔ کالج کسی HEC سے منظور شدہ یونیورسٹی سے الحاق شدہ ہے۔
3۔ کالج کا اپنا ٹیچنگ ہسپتال موجود ہے۔
4۔ کالج کی فیکلٹی مکمل ہے۔
5۔ کالج کا اپنا ہاسٹل موجود ہے۔
6۔ کالج کا یونیورسٹی میں پوزیشن لینے اور رزلٹ کا سابقہ ریکارڈ کیسا ہے۔

## اپلائی کرنے کی اہلیت / شرائط

ایڈمشن کے لئے باقاعدہ اپلائی کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

1۔ F.Sc میں کم از کم 60% فیصد نمبر۔
2۔ اگر طالبعلم نے F.Sc کے علاوہ کوئی اور تعلیم حاصل کر رکھی ہے تو IBCC سے برابری (Equinillence) کا سرٹیفکیٹ۔
3۔ تین سائینس مضامین ( بیالوجی اور کیمسٹری لازمی ) میں F.Sc or Equvillent کا 60% فیصد یا اس سے زائد نمبروں میں پاس ہونا۔

## برائے اورسیز / فارنرز سیٹ

اورسیز طالبعلم میرٹ اور اورسیز دونوں طرح کی سیٹوں پر اپلائی کر سکتے ہیں۔

1۔ اگر F.Sc کے علاوہ کسی اور سسٹم سے بارہویں پاس کی ہے تو IBCC سے برابری کا سرٹیفکیٹ لازمی ہے ۔
2۔ انٹر کی تعلیم English / انگریزی میں حاصل کی ہوئی ہونی چاہیے ورنہ TOEFL / IELTS کا سرٹیفکیٹ چاہیے ہوگا 550 یا 5.5 سکور کے ساتھ۔
3۔ انٹری ٹیسٹ کا دیا ہونا ضروری ہے وگرنہ SAT-II (Physics/ (Biology & Chemistry, Math میں کم از کم 550 نمبر ان تینوں سبجیکٹ میں حاصل کیئے جانے ضروری ہیں۔

## داخلہ کی منصوبہ بندی

ہر طالبعلم کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کا داخلہ کسی سرکاری ادارے میں ہو جائے ۔ قطعہ نظر اس کے کہ طالبعلم کے F.Sc, Matric اور انٹری ٹیسٹ میں کتنے نمبر ہیں۔

سرکاری ادارے میں اپلائی کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ متعلقہ ادارے / یونیورسٹی ( UHS, ETEA ) وغیرہ کی ویب سائیٹ تفصیل سے پڑھ لی جائے اور پچھلے دو سال کا میرٹ کسی جگہ نوٹ کر لیا جائے۔

اکثر بچے جن کے نمبر 75% (Aggregate) سے کم ہوتے ہیں وہ 2 سے 3 ماہ تک انتظار میں رہتے ہیں کہ ان کا نام لسٹ میں آ جائے اور ایڈمیشن کا عمل مکمل ہونے میں اتنی دیر ہو جاتی ہے کہ وہ پرائیویٹ کالجز میں بھی داخلہ نہیں لے پاتے اور بالآخر اگلے سال کا انتظار کرتے ہیں اگر تھوڑی سے توجہ وقت پر دے دی جائے تو بہتر طور پر ایڈمیشن کے لیے تیاری کی جا سکتی ہے۔

پچھلے دو سالوں کا میرٹ مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنے آپ کو ذہنی طور پر تیار کر لیں ۔ مثلاً اگر UHS کے پچھلے دو سالوں کا میرٹ دیکھا جائے تو یہ کم از کم 80%(Aggregate) تک رہا ہے ( MBBS / BDS ) ۔ 2% سے 3% تک مارجن رکھیے ۔

اگر آپ کے نمبر 77% (Aggregate) سے کم ہیں تو بہتر ہوگا کہ دوسری آپشن یا پرائیوٹ کالجز میں داخلے کی کوشش شروع کر دیں۔ پنجاب کے لیے UHS میں اپلائی کرتے ہوئے اپنے نمبروں کا خیال رکھیں اور UHS سے الحاق شدہ تمام سرکاری کالجوں کا سابقہ میرٹ نکال لیں اور اس کے مطابق اپلائی کریں۔

یہ تمام تفصیلات www.studyinpakistan.info کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔




پرائیویٹ کالجز میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ اخبار میں آنیوالے اشتہارات کو کاٹتے رہیں اور ایک فائل میں جمع کر لیں ۔ انٹرنیٹ پر www.studyinpakistan.info کی ویب سائٹ پر فری رجسٹر ہو کر تمام معلومات گھر بیٹھے بھی حاصل کر سکتے ہیں یا www.studyinpakistan.info کی ویب سائٹ کے "news&events" لِنک پر تمام کالجز کے اشتہارات، آخری تاریخ اور انٹری ٹیسٹ کی تاریخیں بھی دیکھ سکتے ہیں۔

تمام مشہور کالجز کی تفصیلات حاصل کرنے کے بعد PMDC کی ویب سائٹ یا SIP کی ویب سائٹ ضرور دیکھیں کہ کہیں کوئی خاص کالج رہ تو نہیں گیا اگر رہ گیا ہے تو انٹرنیٹ پر اس کالج کا اشتہار ضرور دیکھ لیں ۔ اپلائی کرنے سے پہلے 12-15 کالجز کو اوپر دیے گئے (نمبر۔ا) تجزیے کے مطابق جانچ لیں یا کسی کی راہ نمائی حاصل کریں

(باقی صفحہ نمبر 4)

### Formula For the Calculation of Aggregate Marks

| | | |
|---|---|---|
| Matric or Equivalent | 10% | χ=Marks Obtain in Matric or equivalent |
| | | A=Total Marks in Matric(850 or 900 or 1050) |
| F.sc or Equivalent | 40% | Y=Marks obtained in F.sc, out of total 1100 marks |
| | | Z= Marks obtained in Entrance Test, out of total 1100 marks |
| UHS Entrance Test | 50% | $\chi/A\times0.10+y\times0.40+\times0.50=$ Agregate |

## UHS MERIT LIST FOR MBBS- 2011

| Colleges | Abbreviation | City | 1st (15-11-11) | 2 nd (15-12-11) | 3rd (21-02-12) |
|---|---|---|---|---|---|
| King Edward Medical University | KEMU | Lahore | H=95.0489 L=88.2372 | H=88.2203 L=88.1593 | H=88.2203 L=88.1593 |
| Allama Iqbal Medical College | AIMC | Lahore | H=91.8827 L=86.4009 | H=86.3957 L=86.3126 | H=86.3123 L=86.3123 |
| Fatima Jinnah Medical College For Women | FJMC | Lahore | H=87.9406 L=84.5380 | H=84.5351 L=84.4242 | H=84.4235 L=84.4169 |
| Nishtar Medical College | NMC | Multan | H=93.0558 L=84.1701 | H=84.1680 L=84.0948 | H=84.0887 L=84.0887 |
| Rawalpindi Medical College | RMC | Rawalpindi | H=91.9593 L=83.6778 | H=83.6759 L=83.5353 | H=83.4995 L=83.4965 |
| Quaid e Azam Medical College | QMC | Bahawalpure | H=89.5000 L=83.0039 | H=83.0037 L=82.8636 | H=82.8385 L=82.8329 |
| Punjab Medical College | PMC | Faisalabad | H=94.1541 L=83.6214 | H=83.6182 L=83.5171 | H=83.5022 L=83.5000 |
| Sheikh Zayed Medical College | SZMC | Rahim Yar Khan | H=88.0108 L=82.5283 | H=82.5193 L=82.3872 | H=82.3160 L=82.3052 |
| Services Institute of Medical Sciences | SIMS | Lahore | H=88.3208 L=85.0027 | H=85.0026 L=84.8736 | H=84.8674 L=84.8602 |
| Sargodha Medical College | SMC | Sargodha | H=83.5615 L=82.9150 | H=82.9131 L=82.7745 | H=82.7652 L=82.6433 |
| Nawaz Sharif Medical College | NSMC | Gujrat | H=87.5472 L=82.6433 | H=82.6247 L=82.5037 | H=82.4973 L=82.4602 |
| Dera Ghazi Khan Medical College | DGMC | Dera Ghazi Khan | H=83.5406 L=82.1961 | H=82.1925 L=82.0216 | H=81.9563 L=81.9492 |
| Gujranwala Medical College | GMC | Gujranwala | H=85.6307 L=82.5930 | H=82.5918 L=82.4620 | H=82.4567 L=82.4303 |
| Sahiwal Medical College | SwMC | Sahiwal | H=85.9675 L=82.4144 | H=82.4139 L=82.2216 | H=82.1877 L=82.1610 |
| Khawaja M. Safder Medical College | StMC | Sialkot | H=84.2481 L=82.2831 | H=82.2779 L=82.0968 | H=82.0377 L=82.0358 |

source : www.uhs.edu.pk www.studyinpakistan.info

## پاکستان کے میڈیکل کالجز اور ان میں موجود ٹوٹل سیٹیں

| Province | Colleges | | MBBS Seats | BDS Seats | Total |
|---|---|---|---|---|---|
| Federal | Public | 1 | - - - - | 50 | 825 |
| | Private | 9 | 600 | 175 | |
| Punjab | Public | 20 | 3,200 | 200 | 6,380 |
| | Private | 31 | 2,450 | 530 | |
| Sindh | Public | 13 | 2,100 | 325 | 4,335 |
| | Private | 23 | 1,250 | 660 | |
| K.P.K | Public | 10 | 890 | 75 | 1,935 |
| | Private | 12 | 750 | 220 | |
| Balochistan | Public | 2 | 250 | 25 | 375 |
| | Private | 1 | 100 | - - - - | |
| A.J.K | Public | 2 | 200 | - - - - | 300 |
| | Private | 1 | 100 | - - - - | |
| Total | | 125 | 11,940 | 2,210 | 14,150 |

source : www.pmdc.org.pk www.studyinpakistan.info

# پاکستان میں میڈیکل کی تعلیم

پوری دنیا میں میڈیکل کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو عزت واحترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔اور یہ عزت واحترام کا منصب ڈاکٹر/مسیحا کو تاریخ انسانی میں حاصل ہے۔اسی عزت واحترام کی وجہ جہاں ایک طرف انسانی بدن کے بارے میں علم ہے وہاں وہ قربانی کا جذبہ ہے جس کی وجہ سے اس شعبہ سے وابستہ افراد دن، رات اپنی نینداور آرام کی پرواہ کیے بغیر لوگوں کے علاج معالجہ میں اپنی زندگی بسر کرتے ہیں۔

ان میں وہ تمام معالج شامل ہیں جو انسان کے ذہنی وجسمانی، دلکشی و رعنائی، حادثات، جنگ، آفات میں اور مردہ جسموں کو چیک کرنے، زخموں اور جراحی سے علاج کرنے میں کوشاں ہیں اور وہ بھی جو تحقیق کے عمل سے وابستہ نئی سے نئی دوائیاں بنانے میں اور موجودہ ایسی بیماریاں جن کا علاج ابھی انسان کے علم نہیں انکے بارے میں ریسرچ کرنے میں دن رات مگن ہیں۔

آج کی جدید دنیا جہاں ترقی کے عروج پر ہے وہاں مسائل اور بیماریاں بھی اپنی انتہا پر ہیں۔میڈیکل شعبہ کے مختلف حصے ہیں، جہاں تعلیم اور علاج دونوں کو تخصص حاصل ہے۔ طلباء وطالبات کے پاس ان تمام شعبوں میں علم حاصل کرنے کے بے شمار مواقع ہیں اور ہر شعبے کی اپنی افادیت ہے۔لہٰذا طلباء وطالبات کو اپنی شخصیت، صلاحیت، ماحول، گھریلو حالات، معاشرہ میں ضرورت کو دیکھتے ہوئے ان شعبوں میں سے کسی ایک میں علم حاصل کرنا چاہیے۔جس قدر غور وفکر اور تحقیق سے یہ شعبہ چنا جائے گا اسی قدر وہ اسمیں ترقی و کمال حاصل کر سکیں گے اور اسی قدر اس میں کامیابی حاصل ہوگی۔

کسی بھی شعبے کو اپنانے کے لیے والدین کی خواہش، شوق یا اچھا سٹیٹس (Status) ہی کافی نہیں بلکہ اسکے لیے باقاعدہ Career Counseling کی ضرورت ہے کوشش کریں کہ آپ خاندان کے کسی بڑے پڑھے لکھے، جہاندیدہ اور مخلص فرد سے یہ مشورہ کریں یا آپ www.studyinpakistan.info کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں **(یہ خدمات بالکل فری ہیں)**

آیئے اب آپ کو میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کچھ شعبوں کا تعارف کرواتے ہیں

**نوٹ: یہ صرف کچھ اہم شعبے ہیں اسکے علاوہ بھی شعبے پاکستان میں دستیاب ہیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | میڈیسن | MBBS |
| 2۔ | ڈینٹسٹری | BDS |
| 3۔ | فارمیسی | Pharm.D |
| 4۔ | الائیڈ ہیلتھ سائنسز | (Allied Health Sciences) |
| a۔ | نرسنگ | Nursing |
| b۔ | میڈیکل ٹیکنالوجی | Medical Technology |
| c۔ | فزیوتھراپی | Physiotherapy |

## میڈیسن (MBBS)

پوری انسانی تاریخ میں طب کے شعبے سے وابستہ افراد کی بے پناہ عزت وتکریم کی جاتی رہی ہے اور آج بھی عالمی سطح پر عزت و وقار کی علامت ہیں اس سے منسلک افراد، ذہین، محنتی، دانا، صاف گو، اور نرم خو ہونے چاہیئں۔یہ عزت وقار حاصل کرنے کے لیے انتھک محنت اور ذہانت دونوں درکار ہیں۔

ایلو پیتھک طریقہ علاج کے مطابق وہ امراض جو مختلف قسم کے جراثیموں سے پھیلتے ہیں ان کا علاج جدید سائنسی طریقوں سے حفاظتی تدابیر، تشخیص اور علاج کرنے کا نام ہے۔علاج کرنے والے کو ڈاکٹر کہتے ہیں۔انکے شعبے کو میڈیسن اور انکی 5 سالہ ڈگری کو ایم بی بی ایس کہتے ہیں۔

پاکستانی میڈیکل تعلیم دنیا بھر میں اہم مقام رکھتی ہے۔پاکستانی ڈاکٹرز عالمی سطح پر جانے جاتے ہیں یورپ امریکا، مڈل ایسٹ غرض پوری دنیا میں پاکستانی ڈاکٹرز اپنے تجربے اور مہارت کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، ان کے حسنِ سلوک اور اخلاق کے چرچے ہیں۔

پاکستان میں **38** سرکاری اور **50** غیر سرکاری ادارے ہیں اداروں میں جہاں **11940** طلبہ و طالبات داخلہ لیتے ہیں

**(Source: www.pmdc.org.pk)**

اس شعبے میں کام کرنے کے بے شمار مواقع میسر ہیں اور باعزت روزگار بھی میسر ہے۔

## ڈینٹسٹری (BDS)

انسانی جسم کی بناوٹ میں منہ اور اسکے اندر پائے جانے والے اعضاء بے حد اہم ہیں اور حساس ہیں۔اور ان کا نظام بھی پیچیدہ ہے۔زندگی کی ضروریات کا تعلق بھی یہیں سے ہے۔

سانس، خوراک، اور بولنا سب انہیں اعضاء سے وابستہ ہے۔ ھمارے دین میں بھی منہ کی صفائی کی بہت اہمیت بیان کی گئی ہے۔منہ کی صفائی کے اثرات پورے جسم پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ان اعضاء میں بالخصوص دانتوں کا بہت اہم نظام ہے۔طب کے شعبے میں دانتوں کے علاج اور حفاظت کے لیے علیحدہ شعبہ ہے جسے ڈنٹسٹری کہا جاتا ہے۔

اس طریقہ علاج میں استعمال ہونے والے آلات اور مشینری نہایت نازک اور خطرناک بھی ہے۔بچوں کے دانتوں کو سیدھا کرنا، سٹیل کی تار لگانا، ٹیڑھے اور ٹوٹے ہوئے دانتوں کا علاج۔دانت زرد ہو جائیں تو انکا علاج دانتوں کو پالش کرنا جبڑے اور مسوڑھے کا علاج اس شعبے میں آتے ہیں۔پوری دنیا میں دانتون کا علاج سب سے مہنگا تصور کیا جاتا ہے بلکہ یورپ اور امریکا میں ہر 6 ماہ میں Dentist کو وزٹ کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں ابھی اسکی Awareness مکمل نہیں ہے۔ہم عام طور پر جب کبھی دانتوں کی بیماری ہو تو Dentist کے پاس جاتے ہیں۔جبکہ ہمیں Regular وزٹ کرتے رہنا چاہیے۔

**پاکستان میں 1180 لوگوں کے لیے ایک MBBS ڈاکٹر موجود ہے۔**

# OTHER MEDICAL PROGRAMS

## Allied Health Sciences (4 years)

1. F.Sc Pre-Medical at Least 50% Marks or Equivalence
2. No age restriction for admission in B.Sc. (Hons.) Allied Health Sciences courses.
3. Age limit shall be 17 to 25 years for Nursing
4. Admission test, interview by the Institute concerned

- B. Sc. (Hons.) Biotechnology
- B. Sc. (Hons.) Physiotherapy
- B. Sc. (Hons.) Medical Imaging Technology
- B. Sc. (Hons.) Medical Laboratory Technology
- B. Sc. Optometry & Orthoptics
- B. Sc. (Hons.) Emergency & Intensive Care Sciences
- B. Sc. (Hons.) Orthotics & Prosthetic
- B. Sc. (Hons.) Audiology
- B. Sc. (Hons.) Operation Theatre Technology
- B. Sc. (Hons.) Dental Technology
- B. Sc. (Hons.) Dental Hygiene
- B. Sc. (Hons.) Cardiac Perfusion
- B. Sc. (Hons.) Occupational Therapy
- B. Sc. (Hons.) Speech & Language Pathology
- B. Sc. (Hons.) Respiratory Therapy
- B. Sc. (Hons.) Nutrition
- B.Sc. Nursing

Sir Syed College of Medical Sciences for Girls
ADMISSIONS OPEN
Session 2012-13
Eligibility: F.Sc Pre Medical 60% or Equivalent
silent Features
• Recognized by PM&DC, CPSP
• Affiliated with University of Karachi
• Listed in WHO, FAIMER & IMED (USA)
• Attached Sir Syed Teaching Hospital
• Facility of Hostel & Transport is Available

Bachelor of Dental Surgery
Sir Syed College of Medical Sciences for Girls
St. # 32, Block - 5, Boating Basion, Clifton, Karachi. Tel:021-35360456, Mob: 0321-8504321
Islamabad Office:
314/A, Street 31, G-10/1, Islamabad.
Tel: +92 51 2110331-32
Cell: 0321-8505678
Lahore Office:
309-A/1, Town Ship, Lahore.
Tel: +92 42 35113009-10
Cell: 0345-9599922
www.sscms.edu.pk

یہ شعبہ پاکستان میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے چار سالہ ڈگری پروگرام کرنے کے بعد آپ اپنی پریکٹس شروع کر سکتے ہیں۔ دوسری طرف ہمارے معاشرہ میں تقریباً **15332** افراد کے لیے ایک Dentist ہے جو کہ ناکافی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس شعبے میں ابھی بے پناہ گنجائش موجود ہے۔ خاص طور پر لڑکیوں کے لیے اس شعبہ میں مواقع وحالات بہت سازگار ہیں۔

جہاں وہ راتوں میں ایمرجنسی ڈیوٹی سے بچتے ہوئے اپنی گھریلو ذمہ داریاں بھی بھرپور طریقے سے ادا کر سکتی ہیں۔

پاکستان میں اس وقت **10** سرکاری اور **27** غیر سرکاری تعلیمی ادارے **2210** طلبہ وطالبات کو داخلہ دیتے ہیں۔

## نرسنگ (Nursing)

جہاں ڈاکٹر ایک معزز پیشہ ہے وہیں مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے اور بھی لوگوں کی ضرورت ہے جن میں سے ایک اہم شعبہ نرسنگ ہے۔ کوئی بھی ہسپتال ڈاکٹر اور نرس کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ ماہر ڈاکٹروں کو بھی علاج معالجہ کی بہترین سہولت دینے کے لیے تجربہ کار اور محنتی نرسوں کی ضرورت ہے۔

مریضوں کی انفرادی دیکھ بھال، میڈیکل کا ریکارڈ رکھنے کے لیے اور ڈاکٹروں کے تجویز کردہ نسخوں اور علاج کو ہسپتالوں میں نافذ کرنے کے لیے فنی ماہر سٹاف کو نرس کہا جاتا ہے۔ حتیٰ کے خوراک کے

تقریباً **15332** افراد کے لیے ایک Dentist ہے جو کہ ناکافی ہے۔

استعمال اور اگر جراحی کا عمل ہوا ہے تو جراحی سے پہلے اور بعد کی احتیاطی تدابیر کے مطابق مریض کے علاج کے عمل کو یقینی بناتے ہیں۔

پاکستان میں اس وقت اس شعبے میں ماہر، تجربہ کار اور کوالیفائیڈ نرسوں کی قلت ہے۔ پاکستان نرسنگ کونسل کے مطابق ایک ڈاکٹر کے ساتھ چار نرسیں ہونگی اور ایک نرس چار مریضوں کی دیکھ بھال کرنی چاہیے مگر کوالیفائیڈ نرسوں کی قلت ہے ایک نرس کو **16** سے **18** مریضوں کو دیکھنا پڑتا ہے۔

پاکستان میں اس وقت نرسنگ کے ڈپلومہ اور بی ایس اور بی ایس سی نرسنگ پروگرام کروائے جا رہے ہیں۔

پاکستان میں اس وقت **197** تعلیمی ادارے نرسنگ کی تعلیم دے رہے ہیں۔

ایک غلط فہمی جس کا ازالہ ہم خاص طور پر کرنا چاہتے ہیں کہ لوگ یہ

> پاکستان نرسنگ کونسل کے مطابق ایک ڈاکٹر کے ساتھ 4 نرسیں ہونگی اور ایک نرس 4 مریضوں کی دیکھ بھال کرنی چاہیے مگر کوالیفائیڈ نرسوں کی قلت ہے ایک نرس کو 16 سے 18 مریضوں کو دیکھنا پڑتا ہے۔

سمجھتے ہیں کہ یہ صرف لڑکیوں کے لیے نرسنگ کا شعبہ ہے جبکہ اس میں طلبہ وطالبات کے لیے یکساں روزگار کے مواقع ہیں بلکہ لڑکوں کے اس شعبہ میں نہ جانے کی وجہ سے اُن کی ضرورت میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے۔ اگر طلبہ اس شعبے میں جائیں گے تو انہیں زیادہ ترقی کے مواقع ملیں گے۔

## فارمیسی (Pharm-D)

جتنی اہمیت MBBS کی ہے اتنی ہی فارمیسی کی ہے۔ ادویات پر تحقیق، تیاری اور ترسیل کے درست استعمال کو علم الادویات/فارمیسی کہا جاتا ہے۔ ایک ڈاکٹر مریض کا علاج کرتا ہے اور فارمسٹ اس کے لیے دوا تیار کرتا ہے۔

فارمسٹ سامنے نظر نہیں آتے لیکن پس منظر میں رہتے ہوئے ادویات پر تحقیق کرتے ہوئے مریضوں کے علاج میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ اس شعبے میں ترقی کے مواقع بھی ہیں اور خدمت بھی ہے۔ ایک فارمسٹ انتہائی ذمہ داری سے معاشرے میں بیماریوں سے آگاہ رہتا ہے ان بیماریوں کی وجوہات اور انکے علاج تلاش کرتا ہے اور علاج کے لیے دوائیوں پر تحقیق کرتے ہوئے انہیں مناسب مقدار میں دواساز فیکٹریوں میں بنانا اور ہسپتالوں اور میڈیکل سٹور تک پہنچانے کی پلاننگ کرنے تک شامل ہوتا ہے۔

اس شعبے میں کام کرنے والوں کو ذھین، محنتی، جستجو اور تحقیق کرنے والا ہونا چاہیے اس شعبے میں ملازمت اور ترقی کے بے شمار مواقع ہیں۔

پاکستان میں اس وقت 47 سرکاری وغیر سرکاری ادارے فارمیسی کی تعلیم دے رہے ہیں

(Source www.pharmacycouncil.org.pk)



> پاکستان میں اس وقت 47 سرکاری وغیر سرکاری ادارے فارمیسی کی تعلیم دے رہے ہیں

Margalla Institute of Health Sciences
Quaid-e-Azam Avenue, Gulrez Phase III, Rawalpindi.
Tel: 051-2110331, Call: 0345-9599912, 03459599916
www.margalla.edu.pk



Admissions OPEN Session 2012-13
BDS 16th Batch
Bachelor of Dental Surgery
D. Pharm 2nd Batch
Doctor of Physical Therapy (DPT)
Minimum Eligibility: F.Sc Pre Medical 60% or Equivalent with CET.
- Recognized by PM&DC
- Affiliated with UHS for BDS
- 11 Batches passed out
- Enlisted with WHO (USMLE, PLAB)
- Large campus spread over 100,000 sqft
- In campus 100 Dental Units Hospital
- Separate hostel for boys and girls

## No. of Applicants in UHS Exam

Female ..... 25,074
Male ......... 11,108
Total ........ 36,182

emag education magazine
VISION
"Socio - Economic development of Pakistan through education"
- Dr. Ata-ur-Rehman
- Muhammad Mohsin Ali
- Activities of HEC (part 1)
- Big Bag
- Future of E-Commerce
- News & Events

September 2012 Edition Articles
& much MORE !!!
Volunteer Representatives
University Students, Social Workers, Teachers, Educationists, Institutions
Send your Articles, Reviews, News and Reports @
emag@emag.com.pk
www.emag.com.pk

get your UHS Results Free by sending SMS at 0331-5226091

## میڈیکل ٹیکنالوجی (MTL)

میڈیکل سائنسز میں ترقی کی ایک بہت بڑی وجہ جدید مشینری کا استعمال ہے۔اس شعبے میں آلات ومشینری جدید، نازک اور مہنگی ہے۔ اس شعبہ میں میڈیکل سائنسز میں استعمال ہونے والے آلات ومشینری کے استعمال ، امراض کی تشخیص کے لیے رپورٹ ، نمونوں کے تجزیہ اور ماہرانہ رائے کے بارے میں علم دیا جاتا ہے۔ ماہرڈاکٹروں ، مائیکروبائیولوجسٹ اور پتھالوجی کے علاوہ ماہر ٹیکنیشن بھی درکار ہوتے ہیں۔

میڈیکل ٹیکنالوجی ،فزیوتھراپی، آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی اور ایسے متعدد میڈیکل شعبے جہاں آلات ومشینری استعمال ہوتیں ہیں ان ماہریں کے بغیر کام کا تصور بھی نہیں۔اس شعبہ میں ڈپلومہ اور بی ایس سی اور بی ایس پروگرام پاکستان کے مختلف تعلیمی اداروں میں کروائے جارہے ہیں۔



## فزیوتھراپی (Physiotherapy)

فزیوتھراپی یا فزیکل تھراپی ایک علیحدہ طبی شعبہ ہے جہاں جسمانی اعضاء کی بہترین استعمال کی نشاندہی ، حرکات وسکنات ، علاج ، بچاؤ، اگرکوئی نقص آجائے تواس کے اثرات کوکم سے کم کی طرف لے کر جانا ہے۔انسان جب حادثے کی صورت میں یا آفات میں یا کسی اوروجہ سے جب انسانی جسم کوئی ایک یاایک سے زیادہ اعضاء اپنا کام صحیح طور پر نہ کررہا ہوتو سائنسی طریقہ کار اختیار کرتے ہوئے جدید مشینوں کی مدد سے انسانی معذوری کوکم سے کم کرتے ہوئے نارمل زندگی کی طرف لانا جہاں انسانیت کی خدمت ہے وہیں اس شعبہ سے وابستہ لوگوں کو باعزت روزگار بھی مہیا کرتا ہے جہاں ترقی کرنے کے خصوصاً پاکستان جیسے ترقی پزیر ملک میں بے انتہا مواقع ہیں۔

اسکی اہمیت کے پیش نظر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اپنے الحاق شدہ کالجز کو ہدایت کی ہے فزیوتھراپی کو بھی ہر کالج میں شروع کیا جائے۔

**طلباء وطالبات کو اپنی شخصیت، صلاحیت، ماحول، گھریلو حالات، معاشرہ میں ضرورت کو دیکھتے ہوئے ان شعبوں میں سے کسی ایک میں علم حاصل کرنا چاہیے۔**

## بقیہ ایڈمیشن گائیڈ

(www.studyinpakistan.info) مفت راہنمائی کے لیے حاضر ہے۔اس کے بعد اس لسٹ کو مزید کم کر کے 10 تک لے آئیں۔

**ان 10 کالجز کی لسٹ میں مندرجہ ذیل چیزوں کا خیال رکھیں:**

1۔ چار کالجز اپنی پسند کے چن لیں کہ جسمیں داخلہ کے آپ خواہشمند ہیں۔

2۔ تین کالجز دوردراز علاقوں یادوسرے صوبے کے چن لیں جو اوپر دیے گئے معیار پر پورا اُترتے ہوں۔

3۔ تین کالجز ایسے چُن لیں جن میں آپ اپنی پسند نمبر 2 یعنی MBBS کے علاوہ PharmD, BDS یا Physical Tharapy وغیرہ بھی کروائے جاتے ہوتا کہ اگر آپ کا داخلہ نمبر 1 چوائس پروگرام میں نہیں ہوتا تو آپ کے پاس کوئی دوسری آپشن موجود ہوتا کہ آپ وقت پر اور بہتر فیصلہ کرسکیں۔

کالج چُن لینے کے بعد ان میں اپلائی کرنا شروع کردیں اور مندرجہ ذیل دستاویزات کے کم ازکم 10 سیٹ بنا کر رکھیں۔

1۔ میٹرک کی سند (کاپی)
2۔ انٹر کی سند یا Equivalency کا سرٹیفیکیٹ (کاپی)
3۔ ڈومیسائل (کاپی)
4۔ کریکٹر سٹیفکیٹ (کاپی)
5۔ انٹری ٹیسٹ رزلٹ کی کاپی
6۔ اپنی اور والد کے شناختی کارڈ کی کاپی
7۔ پاسپورٹ سائز تصاویر 4 عدد

انٹرویو کے لیے ضروری ہدایات:


انٹرویو سے پہلے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ضرور تیار کر رکھیں:

1۔ کیوں ڈاکٹر بنا چاہتے/ چاہتی ہیں
2۔ ڈاکٹر حضرات کی خصوصیات یا خامیاں
3۔ MBBS/BDS ہی کیوں
4۔ فیملی ڈاکٹر یا فیملی میں کوئی اور ڈاکٹر کہ جس سے آپ کو Inspiration ملی ہو
5۔ اگر اس سال داخلہ نہ ہوا تو کیا کریں گے / گی۔
6۔ 5 سال تک گھر سے دور رہ پائیں گے / گی
7۔ ہاسٹل لائف کی مشکلات میں گھبرائیں گے تو نہیں۔وغیرہ

**انشااللہ ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ بہتر طور پر ایڈمیشن پلانگ کرسکتے ہیں۔**

کسی بھی شعبے کو اپنانے کے لیے والدین کی خواہش،شوق یا اچھا سٹیٹس (Status) ہی کافی نہیں بلکہ اسکے لیے باقاعدہ Career Connseling کی ضرورت ہے کوشش کریں کہ آپ خاندان کے کسی بڑے پڑھے لکھے، جہاندیدہ اور مخلص فرد سے یہ مشورہ کریں یا آپ www.studyinpakistan.info کی خدمات حاصل کرسکتے ہیں (یہ خدمات بالکل فری ہیں)

get your UHS Results
Free by sending SMS
at 0331-5226091







**Get registered free at:**
**www.studyinpakistan.info**
or register through SMS by sending your name & F.Sc Marks
0092 345-9599912

**FREE Information Request**

Name ____________ Marks (Matric) ____________
F.Sc. ________ Mobile Number ____________
Email Address ____________

please send this on the following postal address
314/A, St #31, Main Sawan Road, G-10/1. Islamabad